**ووٹ ڈالنے کے لیے خود کو رجسٹر کریں**

**آسان ترین طریقہ آن لائن ہے۔**

**gov.uk/register-to-vote**

ووٹ دینے کے لیے رجسٹر ہونے میں صرف چند منٹ لگتے ہیں۔ اگر آپ رجسٹر شدہ نہیں ہیں، تو آپ ووٹ نہیں دے سکتے۔

جواب دینے کے لیے، براہ کرم ذیل میں موجود انتخابات میں سے ایک منتخب کریں۔

- **gov.uk/register-to-vote** ملاحظہ کریں یا
- **02920872087** پر کال کریں، یا
- فارم کو مکمل کریں اور پھر فراہم کردہ لفافے (اس کی ڈاک مفت ہے) میں ڈال کر واپس بھیجیں۔

ہم الیکٹورل رجسٹر میں آپ کے شامل ہو جانے پر تصدیق کریں گے۔

بے شک اگر آپ نے حالیہ طور پر ووٹ مانگنے کے لیے کسی رابطے کا جواب دیا ہو، آپ کو پھر بھی اس فارم کو بھرنے کی ضرورت ہے۔

اگر آپ ویلز (Wales) کے رہائشی (یہاں بالعموم مقیم) ہیں اور 14 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں تو آپ ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر کروا سکتے ہیں۔ آپ مقامی کونسل یا سینیڈ کے انتخابات میں اس وقت تک ووٹ ڈالنے کے اہل نہیں ہوں گے جب تک کہ آپ کی عمر 16 سال نہ ہو جائے اور برطانوی پارلیمنٹ یا پولیس اور کرائم کمشنر (PCC) کے انتخابات میں تب تک ووٹ ڈالنے کے اہل نہیں ہوں گے جب تک کہ آپ کی عمر 18 سال نہ ہو جائے۔ آپ کا درج ذیل میں سے کسی ایک حیثیت کا ہونا بھی لازم ہے:

- برطانوی یا آئرش شہری
- دولت مشترکہ کا شہری (مالٹا اور قبرص کے باشندوں سمیت) جسے برطانیہ، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا سکونت اختیار کرنے کی اجازت ہے یا وہ فرد جسے اجازت کی ضرورت نہیں ہے
- غیر ملکی شہری جسے برطانیہ، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا سکونت اختیار کرنے کی اجازت ہے، یا وہ فرد جسے اجازت کی ضرورت نہیں ہے
- یورپی یونین (EU) کا شہری۔

یو کے، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا قیام پذیر ہونے (جسے حق داخلہ یا حق موجودگی بھی کہا جاتا ہے) کی اجازت سے مراد قانونی امیگریشن کی حیثیت ہے۔

**اس فارم کو بڑے پرنٹ یا کسی دوسرے فارمیٹ میں حاصل کرنے کی درخواست کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔**

# ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج کروائیں

**آن لائن ہو جائیں**
اس فارم کو **gov.uk/register-to-vote** پر موجود
پر کرنے کا عمل تیز اور آسان ہے۔

## 1 آپ کا نام اور پتہ

پہلا نام

آخری نام

آپ کا پتہ

پوسٹ کوڈ

کیا آپ کسی دوسرے پتے پر بھی رہتے ہیں؟ براہ مہربانی نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں
اگر ہاں، تو آپ کو ابھی یہ پتہ ہمیں دینے کی ضرورت نہیں ہے البتہ ہم بعد میں مزید معلومات طلب کر سکتے ہیں۔

فون نمبر (اختیاری)

ای میل (اختیاری)

ای میل ایڈریس یا فون نمبر کی فراہمی آپ کی درخواست کے بارے میں آپ سے رابطہ کرنے کا ایک فوری اور آسان طریقہ ہے۔

اگر ہم ایسی معلومات درج کریں جو غلط ہوں، تو براہ مہربانی انہیں کاٹ دیں اور صحیح معلومات لکھیں۔

## 2 گزشتہ 12 مہینوں کے دوران گھر تبدیل کیا؟

براہ مہربانی نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں
اگر ہاں، تو براہ مہربانی کوئی سابقہ پتہ فراہم کریں جہاں آپ گزشتہ سال کے دوران مقیم رہے ہیں ورنہ آپ کی درخواست میں تاخیر ہو سکتی ہے۔

پوسٹ کوڈ

اگر یہ پتہ بیرون ملک کا تھا، تو کیا آپ یو کے میں بطور غیر ملکی ووٹر اندراج شدہ ہیں؟
براہ مہربانی نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں

## 3 آپ کی قومیت

(مزید معلومات صفحہ 4 پر ہیں)

براہ کرم اپنی قومیت بیان کریں۔ اگر آپ ایک سے زیادہ قومیت کے حامل ہیں، تو براہ مہربانی ان سب کو شامل کریں۔

(اپنی قومیت کے بارے میں نہیں جانتے؟
براہ مہربانی سیکشن 10 دیکھیں)۔

## 4 آپ کی امیگریشن کی حیثیت

(مزید معلومات صفحہ 4 پر ہیں)

**اگر آپ درج ذیل ممالک میں سے کسی ایک کے EU شہری ہیں تو صرف اس صورت میں یہ سیکشن مکمل کریں:**
**آسٹریا • جمہوریہ چیک • جرمنی • لٹویا • سلوواکیہ • بیلجیم • ایسٹونیا • یونان • لتھوانیا • سلووینیا • بلغاریہ • فن لینڈ • ہنگری • نیدرلینڈز • سویڈن • کروشیا • فرانس • اٹلی • رومانیہ**

31 دسمبر 2020 سے کیا آپ کو یو کے، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا قیام پذیر ہونے کی مسلسل اجازت حاصل رہی ہے یا کسی اجازت کی ضرورت نہیں ہے؟
اگر درج ذیل میں سے ایک یا زائد کا آپ پر 31 دسمبر 2020 کو یا اس سے پہلے نفاذ ہوتا ہے اور بغیر کسی وقفے کے جاری ہے تو 'ہاں' میں جواب دیں:

- EU آبادکاری اسکیم کے تحت آباد یا پیشگی آبادکاری کی حیثیت، ماسوائے کہ آپ نے آباد خاندان کے شمولیتی فرد کے طور پر درخواست دی ہو
- یو کے، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا قیام پذیر ہونے کی غیر معیّنہ یا محدود اجازت
- یو کے، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں مقیم تاہم امیگریشن کے اختیارات سے مستثنیٰ ہیں۔

اگر آپ کا جواب اس سوال کے لیے 'ہاں' میں ہے اور آپ اُس مدت کے لیے یو کے سے غیر حاضر رہے ہیں جو کہ آپ کی امیگریشن حیثیت کی شرائط کے تحت اجازت یافتہ ہے، تو پھر بھی آپ کو 'ہاں' کے اختیار پر نشان لگانا چاہیے۔
براہ مہربانی نشان لگائیں۔ ☐ نہیں ☐ ہاں

## 5 آپ کی تاریخ پیدائش (مزید معلومات صفحہ 4 پر ہیں)

D D | M M | Y Y Y Y

اگر آپ کو اپنی تاریخِ پیدائش نہیں معلوم تو درج ذیل پر نشان لگائیں اگر آپ:

☐ 15-14 ☐ 17-16 ☐ 75-18 ☐ 76 یا اس سے زائد عمر کے ہیں

(اپنی تاریخِ پیدائش معلوم نہیں ہے؟ براہ مہربانی سیکشن 10 دیکھیں)۔

## 6 آپ کا قومی انشورنس نمبر (اگر آپ کی عمر 16 سال یا اس سے زائد ہے)

آپ یہ اپنی تنخواہ کی رسید یا ٹیکس، پنشن یا وظائف سے متعلق سرکاری خطوط سے معلوم کر سکتے ہیں۔

☐ اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے تو براہ کرم نشان لگائیں۔

(اپنا قومی انشورنس نمبر نہیں معلوم؟ براہ مہربانی سیکشن 10 دیکھیں)۔

## 7 آپ کا نام تبدیل ہوا؟ (مزید معلومات صفحہ 4 پر ہیں)

براہ مہربانی ہمیں اپنا حالیہ ترین سابقہ نام بتائیں (اختیاری)۔

براہ مہربانی ہمیں وہ تاریخ بتائیں جب آپ نے اپنا نام تبدیل کیا (اختیاری)۔

D D | M M | Y Y Y Y

## 8 اوپن رجسٹر (مزید معلومات صفحہ 4 پر ہیں)

اوپن رجسٹر انتخابی رجسٹر سے ہی مرتب شدہ ہوتا ہے، تاہم اسے الیکشنز کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا۔ اسے کوئی بھی فرد حاصل کر سکتا اور متعدد مقاصد بشمول براہ راست مارکیٹنگ کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔

اگر آپ اپنا نام اور پتہ اوپن رجسٹر میں شامل نہیں کروانا چاہتے تو براہ مہربانی نشان لگائیں۔ ☐

اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے تو آپ کی تفصیلات اوپن رجسٹر میں شامل نہیں ہوں گی۔

## 9 ڈاک یا کسی نمائندے کے ذریعے ووٹ ڈالنا؟

اگر آپ کا کسی پولنگ اسٹیشن میں ذاتی طور پر جا کر ووٹ ڈالنے کا ارادہ ہے، تو آپ کو اس سیکشن کو خالی چھوڑ دینا چاہیئے۔ ڈاک یا نمائندے کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے لیے، آپ کو لازماً عدم موجود کے ووٹ کے لیے ایک الگ درخواست مکمل کرنا ہو گی۔ مزید معلومات **gov.uk/how-to-vote** پر تلاش کی جا سکتی ہیں، یا ذیل میں نشان لگائیں کہ آپ کیسے ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں اور ہم آپ کو معلومات بھیج دیں گے۔

☐ بذریعہ ڈاک ☐ بذریعہ نمائندہ (یعنی کوئی اور فرد آپ کی جانب سے ووٹ ڈال رہا ہے)

## 10 اپنی قومیت، تاریخ پیدائش یا قومی انشورنس نمبر نہیں معلوم؟ براہ مہربانی ہمیں بتائیں کہ کیوں

اگر آپ یہ تفصیلات فراہم نہیں کر سکتے تو ہم آپ کی درخواست پر عمل کاری کرنے کے لیے دیگر شواہد طلب کر سکتے ہیں۔

## 11 حلف نامہ

میں حالیہ طور پر اس پتے پر مقیم ہوں۔ میرے بہترین علم کے مطابق، اس فارم میں دی گئی معلومات سچ ہیں۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ میں نے جو معلومات فراہم کی ہیں، وہ انتخابی رجسٹر میں استعمال کی جائیں گی۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ تقاضا کیے جانے پر اگر میں رجسٹریشن کے لیے درخواست نہیں دیتا/دیتی تو مجھ پر £80 کا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ £80 کے اس جرمانے کا اطلاق 14 یا 15 سال کی عمر کے افراد پر نہیں ہوتا۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ اس فارم میں جان بوجھ کر غلط معلومات فراہم کرنا جرم ہے اور اگر میں مرتکب ٹھہرایا/ٹھہرائی جاؤں تو مجھے چھ ماہ تک قید کی سزا ہو سکتی ہے اور/یا لامحدود جرمانہ دینا پڑ سکتا ہے۔

**دستخط**

**آج کی تاریخ**

D D | M M | Y Y Y Y

## پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنا

برطانوی پارلیمنٹ اور پولیس اور کرائم کمشنر کے انتخابات میں، آپ کو اپنے پولنگ اسٹیشن پر اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری ID دکھانے کی ضرورت ہو گی۔ اگر آپ کی منظور شدہ تصویری ID نہیں ہے، تو آپ ووٹر ID کی مفت دستاویز، یعنی ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، **gov.uk/how-to-vote/photo-id-youll-need** پر جائیں یا ہم سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو یہ فارم پُر کرنے میں مدد درکار ہو تو براہ مہربانی صفحہ 1 پر موجود تفصیلات استعمال کرتے ہوئے رابطہ کریں۔

## آپ کی قومیت اور امیگریشن کی حیثیت

یو کے، چینل آئی لینڈز یا آئل آف مین میں داخل ہونے یا قیام پذیر ہونے (جسے حق داخلہ یا حق موجودگی بھی کہا جاتا ہے) کی اجازت سے مراد قانونی امیگریشن کی حیثیت ہے۔
ہمیں آپ کی قومیت کے بارے میں اضافی شواہد کی ضرورت پڑ سکتی ہے یا ہم حکومتی ریکارڈز کے ساتھ موازنہ کر کے آپ کی قومیت یا امیگریشن کی حیثیت کی جانچ کر سکتے ہیں۔
سیکشن 4 ' آپ کی امیگریشن کی حیثیت' صرف پولیس اور کرائم کمشنر کے انتخابات میں آپ کے ووٹ ڈالنے کی اہلیت کا تعین کرتی ہے۔ یہ آپ کے ویلز میں ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج، یا سینیڈ یا مقامی کونسل کے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی اہلیت کا تعین نہیں کرتا۔ اگر اس سیکشن کا آپ پر اطلاق ہوتا ہے، تو ہم آپ کی تاریخی قومیت یا تاریخی امیگریشن حیثیت کو سرکاری ریکارڈز کے ساتھ موازنہ کر کے جانچ کر سکتے ہیں۔

## آپ کی تاریخ پیدائش

اگر آپ اپنی تاریخ پیدائش سے آگاہ نہیں ہیں تو براہ مہربانی وہ تاریخ فراہم کریں جو آپ کی سرکاری دستاویزات (مثال کے طور پر، آپ کے پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس) میں دی گئی ہے یا خانوں میں سے کسی ایک پر نشان لگائیں۔ آپ کی تاریخِ پیدائش سے آپ کی شناخت ہوتی ہے، آپ کے ووٹ ڈالنے کی اہلیت کی تصدیق ہوتی ہے اور آپ کو جیوری سروس کے لیے طلب کرنے کے لیے بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔

## آپ کا نام تبدیل ہوا؟

مثال کے طور پر، آپ کی شادی ہوئی اور آپ کا نام تبدیل ہوا۔ آپ کو اپنے نام کی تبدیلی سے متعلق تفصیلات دینے کی ضرورت نہیں ہے تاہم اس سے ہمیں آپ کی شناخت میں مدد ملے گی۔ اگر یہ معلومات نہیں دی جاتیں تو آپ کو اضافی دستاویزی ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## اوپن رجسٹر

**رجسٹرز دو قسم کے ہوتے ہیں۔ کیوں؟** عوام الناس سے موصول ہونے والی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے، رجسٹریشن افسران دو رجسٹر رکھتے ہیں - انتخابی رجسٹر اور اوپن رجسٹر (جسے ترمیم شدہ رجسٹر بھی کہا جاتا ہے)۔

**انتخابی رجسٹر** میں ان تمام افراد کے نام اور پتے شامل ہوتے ہیں جو عام انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے اندراج شدہ ہیں۔ اس رجسٹر کو انتخابی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ اس امر کو یقینی بنانا کہ صرف اہل افراد ہی ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ یہ قانون میں بیان کردہ دیگر محدود مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ:

- جرم کا پتہ لگانا (مثلاً دھوکہ دہی)
- جیوری سروس کے لیے افراد کی طلبی
- کریڈٹ کی درخواستوں کی جانچ پڑتال۔

**اوپن رجسٹر** انتخابی رجسٹر سے ہی مرتب شدہ ہوتا ہے، تاہم اسے الیکشنز کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا۔ اسے کوئی بھی فرد، کمپنی یا تنظیم خرید سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، اسے کاروبار اور خیراتی اداروں کی جانب سے ناموں اور پتہ جات کی تفصیلات کی تصدیق کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کی عمر 16 سال یا زائد ہے تو آپ کا نام اور پتہ اوپن رجسٹر میں شامل کیا جائے گا جب تک کہ آپ انہیں ہٹانے کا نہیں کہتے ہیں۔ اوپن رجسٹر سے آپ کی تفصیلات کو ہٹانا آپ کے ووٹ دینے کے حق کو متاثر نہیں کرے گا۔

**اگر آپ کی عمر 14 یا 15 سال ہے**، تو آپ اوپن رجسٹر میں شامل نہیں ہوں گے۔
آپ انتخابی رجسٹر میں شامل ہوں گے، تاہم صرف انتخابی رجسٹریشن کے افسران اور ان کا عملہ عموماً آپ کی فراہم کردہ تفصیلات کو دیکھ سکتا ہے۔ آپ کی تفصیلات شائع ہونے والے کسی رجسٹر میں شامل نہیں کی جائیں گی۔
الیکشن سے تقریباً چھ ہفتے پہلے، بعض افراد کو ہر اس فرد کی تفصیلات درکار ہوتی ہیں جو الیکشن میں ووٹ ڈال سکتا ہو۔ اگر آپ کی عمر سینیڈ یا مقامی کونسل کے الیکشنز ہونے کی تاریخ کو **16** سال ہو گی، تو آپ کا نام اور پتہ ان افراد کو دیا جائے گا جو الیکشن منعقد کرواتے ہیں، نیز یہ ان امیدواروں کو بھی دیا جائے گا جو ووٹرز کو معلومات فراہم کرنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ کو تشویش ہے کہ رجسٹر پر آپ کے نام اور پتے کی موجودگی سے آپ کا تحفظ متاثر ہو سکتا ہے، تو آپ کے لیے دیگر اختیارات بھی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ مخصوص حالات میں، آپ رجسٹر پر اپنا نام اور پتہ دکھائے بغیر اندراج کروا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہم سے رابطہ کریں۔ آپ ہمارا پتہ صفحہ 1 پر ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ آپ **gov.uk/register-to-vote** پر دونوں رجسٹرز اور ان کے ممکنہ استعمال کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

## رازداری کا بیان

انتخابی رجسٹریشن کا افسر کنٹرولر ہے۔ ان کی جانب سے اس درخواست فارم میں ذاتی معلومات کی جمع کاری کے لیے قانونی جواز یہ ہے کہ عوامی مفاد میں کام انجام دینے کے تناظر میں یہ عمل کاری ضروری ہے جیسا کہ عوامی نمائندگی کے ایکٹ 1983 اور متعلقہ قانون سازی میں بیان کیا گیا ہے۔
انتخابی رجسٹریشن کے افسر سے قانونی طور پر آپ کی ذاتی معلومات پر محفوظ طریقے سے کارروائی کرنے اور تحفظِ ڈیٹا کے قانون کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔
انتخابی رجسٹریشن کے افسر سے قانونی طور پر آپ کی ذاتی معلومات پر محفوظ طریقے سے کارروائی کرنے اور تحفظِ ڈیٹا کے قانون کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔
اگر آپ اوپن رجسٹر سے خارج ہو جاتے ہیں، تو آپ کا نام اور پتہ صرف انتخابی مقاصد (بشمول انتخابی رجسٹر کو معاونت دینے کے لیے ڈیٹا کے دیگر ذرائع کے ساتھ اس کے موازنے) کے لیے اور قانون میں بیان کردہ دیگر محدود مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ قانون آپ کی معلومات کو (سیاسی جماعتوں، امیدواروں اور ایجنٹوں کی جانب سے) جمہوریت سے وابستہ سرگرمیوں، جرائم کا پتہ لگانے، جیوری کو طلب کرنے اور کریڈٹ کی درخواست کی شناخت کی جانچ کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔
اگر آپ اوپن رجسٹر سے خارج نہیں ہوئے تو آپ کا نام اور پتہ کوئی بھی حاصل کر سکتا ہے اور براہ راست مارکیٹنگ سمیت بہت سے مقاصد کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔
براہ مہربانی رازداری کے نوٹس کے لیے gov.uk/register-to-vote سے رجوع کریں یا ایک کاپی کی درخواست کرنے کے لیے انتخابی رجسٹریشن کے افسر سے رابطہ کریں۔
electoralservices@cardiff.gov.uk 029 2087 2087

## فارم سمجھنے میں مشکل کا سامنا ہے؟

**اگر آپ کو اس فارم کو سمجھنے یا مکمل کرنے میں مدد – یا اسے بڑے پرنٹ یا کسی دوسرے فارمیٹ میں حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہے، تو ہم سے رابطہ کریں۔ ہمارے رابطے کی تفصیلات صفحہ 1 پر موجود ہیں۔**